www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

کے ساتھ جائزہ لیا ہے اور ثابت کیا ہے کہ صرف عرب ہی نہیں بلکہ اس دور میں تمام دنیا ہی بدترین گمراہی، اوہام اور خرافات میں مبتلا تھی۔ دوسرے باب میں انھوں نے بعثتِ محمدی کے بعد بنی نوعِ انسان کی تقدیر بدل دینے والے انقلاب کے حالات مسحور کن انداز میں بیان کیے ہیں۔ تیسرے باب میں بڑے ولولہ انگیز پیرائے میں مسلمانوں کو زندگی کے ہر شعبے میں دنیا کی قیادت کرتے دکھایا گیا ہے پانچویں اور چھٹے باب میں مسلمانوں کے تنزل اور مخالفِ اسلام قوتوں کے عروج کی تفصیل نہایت حقیقت پسندانہ انداز میں بیان کی گئی ہے ساتویں باب میں فاضل مصنف نے مسلمانانِ عالم اور بالخصوص عربوں کو اپنا محاسبہ کرنے اور اپنی سیرت و کردار کو قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کی نہج پر استوار کرنے کی دعوت دی ہے ـــــ ساری کتاب میں شروع سے آخر تک تحقیق، عمیق نظری اور تفکر کی گہری چھاپ ہے اس کے ایک ایک لفظ سے ایسا اخلاص اور سوز و دردمندی نمایاں ہے کہ پڑھنے والا متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ یہ کتاب تاریخ اور تفکر کا نہایت خوشگوار امتزاج ہے۔ فاضل مصنف کا اندازِ فکر خالص دینی اور اسلامی ہے ساتھ ہی وہ بڑے وسیع النظر اور وسیع المطالعہ بھی ہیں۔ مختلف تاریخی واقعات سے انھوں نے جو نتائج اخذ کیے ہیں وہ فکر و نظر کی آخری حد تک درست معلوم ہوتے ہیں۔ بلا مبالغہ یہ کتاب اپنے موضوع پر ہر لحاظ سے ایک شاہکار کی حیثیت رکھتی ہے اس کا مطالعہ نہ صرف معلومات میں اضافہ کا باعث ہوگا بلکہ ایمان اور یقین کو مزید پختہ کرے گا۔

کتاب کی کتابت اس کے شایانِ شان معلوم نہیں ہوتی۔ کئی جگہ کتابت کی غلطیاں بری طرح کھٹکتی ہیں امید ہے کہ آئندہ اڈیشن میں انہیں دور کر دیا جائیگا۔ (طالب ہاشمی)

(۲)

نام کتاب :- سیرت حضرت سعد بن ابی وقاص

مصنف :- طالب ہاشمی

ضخامت :- ۲۶۴ صفحات (مجلد دیدہ زیب سرورق)

سائز :- ۱۸ × ۲۳ قیمت :- نو روپے

ناشر :- قومی کتب خانہ (رجسٹرڈ) ریلوے روڈ۔ لاہور

فاتح عراق عرب حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا شمار شمع رسالت کے ان پروانوں میں ہوتا ہے جن کے مہتمم بالشان کارناموں اور دینی خدمات سے تاریخ اسلام کے صفحات

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

گرانبار احسان ہو رہے ہیں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ سابقون اولون میں سے ہیں اور ان دس صحابہ کرامؓ میں سے ایک ہیں جن کو لسانِ رسالت نے ان کی زندگی ہی میں مغفرت اور جنت کی بشارت دے دی تھی۔ بدر سے لے کر حنین تک انھوں نے ہر معرکہ میں سرورِ کونینؐ کی رفاقت کا حق ادا کیا اور پھر ایک دن چشمِ فلک نے انھیں اس جانباز لشکر کی قیادت کرتے دیکھا۔ جس نے کجکلاہِ ایران کا تختہ الٹ کر آتشکدۂ فارس کو ہمیشہ کے لیے سرد کر دیا۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو بارگاہِ رسالت سے مردِ صالح کا عظیم لقب مرحمت ہوا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی بدولت وہ مستجاب الدعوات ہو گئے تھے۔ ان کا چمنِ اخلاق عشقِ رسول، خشیت الٰہی، غیرتِ دینی، تحمل شدائد، زہد و تقویٰ، تواضع، ایثار اور سخاوت جیسے گلہائے رنگا رنگ سے آراستہ تھا۔ ایسے حالات کی ستم ظریفی کہیے یا کچھ اور کہ اتنے بلند مرتبہ اور جامع کمالات وصفاتِ صاحبِ رسولؐ کی سیرت پر اردو میں اس سے پہلے کوئی مستقل کتاب شائع نہیں ہوئی تھی۔ چنانچہ طالب ہاشمی نے یہ کتاب لکھ کر اس کمی کو بطریق احسن پورا کر دیا ہے۔ فاضل مؤلف ایک گوشہ نشین ادیب ہیں اور گزشتہ تیس سال سے نہایت خاموشی کے ساتھ دین و اخلاق اور اردو زبان کی خدمت کر رہے ہیں۔ تاریخ و سیرت ان کا خاص موضوع ہے۔ اور اب تک ان کی متعدد تاریخی کتابیں شائع ہو کر اربابِ علم سے خراجِ تحسین وصول کر چکی ہیں۔ زیرِ نظر کتاب انھوں نے بڑی تحقیق و تفحص اور محبت و عقیدت کے ساتھ قلم بند کی ہے اور حضرت سعدؓ کی ولولہ انگیز داستانِ زندگی کے ہر گوشے پر بڑے دلکش انداز میں روشنی ڈالی ہے۔ زبان شستہ اور اندازِ نگارش نہایت دلآویز ہے۔ بعض مقامات پر تو شدتِ تاثر سے آنکھیں نم ہو جاتی ہیں۔ کتاب کی دلچسپی شروع سے اخیر تک قائم رہتی ہے کیونکہ اس میں کسی مقام پر بھی یبوست غالب نہیں ہونے پائی۔ فاضل مؤلف نے واقعات کی ترتیب و تبویب میں بھی بڑے سلیقے سے کام لیا ہے، کتاب کا دیباچہ ملک کے بزرگ ترین صحافی ملک نصر اللہ خاں عزیز صاحب نے لکھا ہے۔ یہ دیباچہ بڑا جاندار اور وقیع ہے اور کتاب کے شایانِ شان ہے ایسی کتابوں کی نشر و اشاعت اس وقت ملک کی اہم ترین ضرورت ہے کیونکہ ہمارے خیال میں ان کا مطالعہ قوم کے جذبۂ عمل کے لیے مہمیز ثابت ہو سکتا ہے۔

جناب طالب ہاشمی ہدیۂ تبریک کے مستحق ہیں کہ انھوں نے اپنا قلم ایسی پاکیزہ کتابیں لکھنے کے لیے وقف کر رکھا ہے۔ فجزاہ اللہ خیر الجزاء!

کتاب میں کہیں کہیں کتابت کی غلطیاں کھٹکتی ہیں امید ہے آئندہ ایڈیشن میں ان کی تصحیح کر دی جائے گی۔

© rasailojaraid.com

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ